© rasailojaraid.com

## فہم دین کورس کی پہلی کلاس کا اختتام

الشریعہ اکادمی کے زیر اہتمام اس سال کے آغاز سے عوام الناس کے لیے ضروریات دین کی تعلیم پر مبنی سہ ماہی ''فہم دین کورس'' کا اجرا کیا گیا جس کی پہلی کلاس ۱۱۔ مئی کو مکمل ہوئی۔ کورس میں تدریس کے فرائض اکادمی کے ناظم مولانا محمد یوسف اور ان کے معاون مولانا محمد احسن ندیم نے انجام دیے اور اس میں شرکا کو تجوید کے قواعد کے مطابق ناظرہ قرآن مجید، مسنون دعاؤں اور روز مرہ زندگی سے متعلق ضروری احکام ومسائل کی تعلیم دی گئی۔ کلاس کے اختتام کے موقع پر ۱۱۔ مئی کو ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں خطیب اسلام مولانا عبدالکریم ندیم تشریف لائے اور حصول علم کی اہمیت اور اس کے فضائل پر جامع اور موثر گفتگو کی۔ تقریب میں کورس مکمل کرنے والے شرکا کو اسناد اور نمایاں کارکردگی دکھانے والے حضرات کو انعامات تقسیم کیے گئے۔

## اکادمی کی لائبریری کے لیے ہدیہ کتب

گورنمنٹ ڈگری کالج قلعہ دیدار سنگھ میں شعبہ اسلامیات کے استاذ اور ماہنامہ الشریعہ کی مجلس ادارت کے رکن جناب پروفیسر محمد اکرم ورک نے الشریعہ اکادمی کی لائبریری کے لیے درج ذیل کتب کا ہدیہ عنایت کیا:

| | |
|---|---|
| ۱۔ سیرۃ المصطفیٰ (۳ جلدیں) | مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ |
| ۲۔ توہین رسالت کی سزا | پروفیسر حبیب اللہ چشتی |
| ۳۔ صحابہ کرام کا اسلوب دعوت وتبلیغ | پروفیسر محمد اکرم ورک |
| ۴۔ تہذیب وتمدن پر اسلام کے اثرات واحسانات | سید ابوالحسن علی ندویؒ |
| ۵۔ مسلم ممالک میں اسلامیت اور مغربیت کی کشمکش | " " " " |
| ۶۔ مغرب سے کچھ صاف صاف باتیں | " " " " |
| ۷۔ عالم عربی کا المیہ | " " " " |
| ۸۔ دعوت وتبلیغ کا معجزانہ اسلوب | " " " " |
| ۹۔ مطالعہ قرآن کے اصول ومبادی | " " " " |
| ۱۰۔ تحقیق کا فن | گیان چندر |
| ۱۱۔ تاریخ وفلسفہ سائنس | |
| ۱۲۔ املا اور موز اوقاف کے مسائل (روداد سیمینار) | مقتدرہ قومی زبان |
| ۱۳۔ اردو املا اور موز اوقاف (منتخب مقالات) | " " " " |
| ۱۴۔ اردو رسم الخط کے بنیادی مباحث | " " " " |
| ۱۵۔ توریث آدم | چارلس ڈارون |



© rasailojaraid.com